Posted On Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

# معصومیت

## صباحت خان

مما آپ نے وعدہ کیا تھا سنڈے کو ہم گھومنے چلے گے ہادیہ نے اپنی مما کی طرف ناراضگی سے دیکھا،

میری جان میں نے وعدہ کیا تھا مجھے معلوم ہے اور ہم ضرور جائے گے پر کیا کرے آپ کے پاپا کو فرصت ہی نہیں ہے نیہا نے اپنے شوہر پر ایک نظر ڈھال کر کہا جو اپنی بیٹی اور بیوی سے بے نیاز اپنے لیپ ٹاپ پر مصروف تھے

ٹھیک ہے پھر میں ناشتا بھی نہیں کروں گی سات سالا ہادیہ نے اپنا منہ دوسری طرف کر کے اپنی ناراضگی کا اظہار کیا

لیپ ٹاپ پر مصروف ہادی کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی ان کی بیٹی میں ان دونوں کی ہی جان تھی، مجھے پتا ہے آپ سب سن رہے ہیں کم سے کم سنڈے کا دن تو ہمارے نام کر دیا کرے نیہا نے ہادی کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا،

ہادی نے لیپ ٹاپ سے نظرے ہٹا کر ایک نظر اپنی جان سے پیاری بیوی کی طرف دیکھا پھر اپنی دنیا اپنی بیٹی کی طرف دیکھا جو منہ دوسری طرف کیے بیٹھی تھی اور ہادی کو بلکل اگنور کر رہی تھی،

Posted On Kitab Nagri

یار میں کیا کروں میں خود پھس گیا ہوں بوس نے مجھے یہ فائل تیار کرنے کو کہا ہے منڈے کو مجھے انہیں یہ مکمل کر کے دینی ہے، ہادی نے لیپ ٹاپ سائڈ میں رکھ کر نیہا کا چہرا اپنے ہاتھ میں لیا،

آپ ایسے ہم سے خفا ہو جائے گی تو ہم سے کام کیسے ہو گا ہادی نے پیار سے نیہا کی طرف دیکھتے ہوئے کہا،

پر یہ کیا بات ہوئی ہادی آج آپ نے مجھے کہا تھا ہم باہر جائے گے پورا مہینہ ہونے کا آیا ہے اور ہم بس گھر میں ہے ہادیہ بھی بور ہو جاتی ہے نیہا نے بے چارگی سے اپنی بیٹی کی طرف دیکھا جو چھپ کے ان دونوں کی طرف دیکھ رہی تھی نیہا کے دیکھتے ہی اس نے واپس دوسری طرف منہ کر لیا جس سے نیہا کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی،

میں نے تو کہا تھا کے ہادیہ بور ہو جاتی ہے اسے ایک اور بہن بھائی کی ضرورت ہے ہادی نے آنکھ مارتے ہوئے کہا نیہا نے اسے گھور کے ہادیہ کی طرف دیکھا کے کم سے کم اپنی بیٹی کا ہی خیال کر لیں،

ہادی نے مسکراتے ہوئے اپنی ڈول کو دیکھا پھر وہ اس کے پاس آگیا پاپا کی ڈول پاپا سے ناراض ہے ہادی نے اس کے قریب رکھی چیئر پر بیٹھتے ہوئے کہا، پر مجال ہے جو ہادیہ نے ایک نظر بھی اپنے پاپا کو دیکھا ہو،

اچھا پاپا سے ناراض تو نا ہو بس مجھے دو گھنٹے دو پاپا سب کام ختم کر لیں گے پھر ہم باہر گھومنے بھی جائے گے اور کھانا بھی کھا کر آئے گے ہادی کی بات پر ہادیہ کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی،

پکا وعدہ ہادیہ نے آنکھیں جھپکتے ہوئے معصومیت سے اپنا ہاتھ آگے کرتے ہوئے اپنے پاپا کو دیکھا،

پکا وعدہ میری ڈول اب جلدی سے ناشتا کر لو چلو ایسا کرتے ہیں آج میں اپنے ہاتھ سے آپ کو ناشتا کرواتا ہوں ہادی نے نوالا بنا کر اپنی ڈول کے آگے کیا جسے اس نے چپ چاپ کھا لیا،

Posted On Kitab Nagri

نیہا نے مسکراتے ہوئے یہ نظر دیکھا ویسے تو ان کی شادی کو گیارہ سال ہو گئے تھے پر کافی علاج کروایا پھر شادی کے تین سال بعد ہادیہ ہوئی ہادی تو اپنی گڑیا کو پلکوں پر رکھتا تھا کیوں کے اسے بیٹیاں شروع سے بہت پیاری لگتی ہیں اور اس کی خواہش بھی یہی تھی کے اسے پہلی بیٹی ہوں،

کبھی مجھے بھی ایسے کھانا کھلا دیا کریں نیہا نے ان کے پاس بیٹھتے ہوئے کہا، مما جل رہی ہیں ڈول ہادی نے آنکھ مارتے ہوئے کہا جس سے ہادیہ اپنی میٹھی سی آواز کے ساتھ ہنسنے لگی،

نیہا نے ہادی کو گھور کر اپنی پلیٹ آگے کی وہ پہلا نوالا لیتی اس سے پہلے ہادی ایک نوالا اس کے چہرے کے آگے کر چکا تھا نیہا نے مسکرا کر نوالا منہ میں لے لیا،

نیہا اور ہادی کی پسند کی شادی تھی اس لیے خاندان والے بھی ان کے خلاف تھے پر یہ تینوں اپنی چھوٹی سی دنیا میں بہت خوش تھے،

آاااا بھی نیہا اور ہادی ایک دوسرے کی طرف دیکھ رہے تھے کے ہادیہ کی چیخ پر جلدی سے ان دونوں نے اسے دیکھا،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پاپا ہاتھ____ہادیہ اپنا ہاتھ دیکھ کر رو رہی تھی جس کی انگلی میں سے تھوڑا سا خون نکل رہا تھا یہ کیسے کٹا ہادی نے جلدی سے اس کا ہاتھ پکڑا نیہا جلدی فرسٹ ایڈ باکس لے آؤ ہادی کی آواز پر نیہا جلدی سے اندر کی طرف گئی،

یہ کیسے کٹ گیا ڈول ہادی نے جیب سے رومال نکال کر اس کی انگلی پر رکھا____پاپا یہ سیب___ہادی نے دیکھا پاس چھوری اور سیب رکھا تھا،

ڈول مجھے بول دیتی میں کاٹ دیتا ہادی نے پریشانی سے کہا جب کے ہادیہ مسلسل رونے میں مصروف تھی،

Posted On Kitab Nagri

پاپا بہت درد ہو رہا ہے ہادیہ نے ہچکی لیتے ہوئے کہا اتنے میں نیہا آ گئی اس نے فرسٹ ایڈ باکس ہادی کو دیا اور اس کے آنسو صاف کرنے لگی،

ہادی نے آرام سے اس کی انگلی پر پٹی کی اس کی ڈول کی تکلیف اسے اپنے اوپر محسوس ہو رہی تھی ہم ابھی گھومنے جائے گے آپ اپنے آنسو صاف کرو ہادی کی بات پر ہادیہ نے جلدی سے آنسو صاف کیے نیہا اور ہادی دونوں مسکرا دیے،

***************

ڈول کہاں ہے ہادی نے اندر آتے ہوئے کہا آپ اس وقت آ گئے نیہا جو ہاتھ میں میگزین لیے پڑھ رہی تھی اس نے ٹائم کی طرف دیکھا جو شام کے چار بجا رہی تھی،

ہاں آج ہاف ڈے تھا اس لیے اب بتاؤ بھی یار میری ڈول کہاں ہے ہادیہ ہادیہ ہادی پوچھتے کے ساتھ ہی اسے آواز دینے لگا،

وہ ابھی باہر گئی ہے نیہا نے پاس آتے ہوئے کہا، باہر کہاں گئی ہے ہادی کے ماتھے پر بل آئے،

وہ کہہ رہی آج پاپا کا برتھ ڈے ہے ان کے لیے گفٹ لینے جا رہی ہوں،

اور تم نے اسے جانے دیا تمہیں پتا بھی ہے آج کل کے حالات کیسے ہیں ہادی کو فوراً غصہ آ گیا بیٹی کے معاملے میں وہ بہت حساس تھا،

آپ غصہ تو نہیں کریں وہ پاس والی شوپ پر گئی ہے شاید آپ کے لیے چاکلیٹ لینے ابھی آ جائے گی وہ تو روز ہی جاتی ہے چیز لینے آپ بھی نا بہت سوچتے ہیں نیہا نے مسکرا کر کہا پر ہادی کا دل نہیں مانا،

Posted On Kitab Nagri

یہ آپ کے ہاتھ میں کیا ہے نیہا کی نظر اس کے ہاتھ میں موجود شاپر پر گئی، تم یہ پکڑو میں اسے لے کر آتا ہوں ہادی نے شاپر اسے دی اور باہر چلا گیا،

نیہا نے نفی میں سر ہلایا ان کا کچھ نہیں ہو سکتا اس نے شاپر کھول کر دیکھا اندر ایک باربی ڈول تھی نیہا کو یاد آیا سنڈے کو اس نے باربی کی فرمائش کی تھی اور آج اس کے لیے لے کر بھی آ گئے، نیہا شاپر لیے اندر چلی گئی،

کیا ہوا___ہادی اندر آیا تو اس کے چہرے پر پریشانی تھی نیہا جلدی سے اس کے پاس آئی،

وہ باہر نہیں ہے میں نے شوپ والے سے پوچھا وہ وہاں آئی ہی نہیں ہے ہادی نے پریشانی سے اپنی بیوی کو دیکھا نیہا نے ایک دم اپنے ہونٹوں پر ہاتھ رکھ دیا،

آپ یہ کیا بول رہے ہیں آپ اچھے سے دیکھو وہی ہو گی نیہا نے روتے ہوئے کہا، میں اسے سب جگا دیکھ چکا ہوں ہادی بولتا ہوا واپس باہر چلا گیا اس وقت ہادی ہی جانتا تھا اس پر کیا گزر رہی ہے،

نیہا نے جلدی سے اندر آ کر ہادیہ کی دوستوں کے گھر فون کیا پر وہ کہی نہیں تھی ایک گھنٹے بعد ہادی اندر آیا اس کا چہرہ پسینے میں ہو رہا تھا آنکھیں ضبط سے سرخ ہو رہی تھی نیہا بھاگ کر اس کے پاس آئی میری ہادیہ ملی نیہا نے روتے ہوئے کہا ہادی نے ایک نظر اسے دیکھا پھر نفی میں گردن ہلائی،

میں پولیس اسٹیشن جا رہا ہوں ہادی نے ایک نظر اپنی بیوی کو دیکھا اور باہر چلا گیا اس کے ساتھ برابر والے عقیل بھائی بھی تھے اور ان کی بیگم نے اندر آ کر نیہا کو سمبھالا جس نے رو رو کے اپنا حال کر لیا تھا،

****************

میں دو گھنٹے سے بول رہا ہوں آپ کو سمجھ کیوں نہیں آ رہی ہادی نے غصے سے انسپکٹر کو کہا، میری بیٹی کو گم ہوئے چار گھنٹے ہو گئے اور آپ لوگ اس بات کو سریس نہیں لے رہے ہادی کا ضبط جواب دے گیا تھا،

Posted On Kitab Nagri

اونچی آواز میں کس سے بات کر رہا ہے ہاں ابھی پولس اسٹیشن سے نکال کے باہر پھینک دونگا انسپکٹر نے غصے سے کہا ہادی کی اونچی آواز اسے پسند نہیں آئی تھی،

آپ بھی تو میری بات نہیں سن رہے میری بیٹی مل نہیں رہی آپ ایف آئی آر درج کیوں نہیں کرتے اس بار ہادی نے بے بسی سے کہا،

اور میں بھی بول چکا ہوں چوبیس گھنٹے سے پہلے گمشدگی کی ایف آئی ار درج نہیں ہوتی اس لیے میرا ٹائم ویسٹ نہیں کرو یہاں سے جاؤ کل آنا انسپکٹر نے اپنے سیٹ پر واپس بیٹھتے ہوئے کہا،

اس کا مطلب آپ چوبیس گھنٹے تک کچھ نہیں کرے گے میری بچی پتا نہیں کہاں ہے کس حال میں ہے اور آپ بول رہے ہم کل آئے ہادی نے پھر سے چیخ کر کہا،

یہ ایسے نہیں مانے گا پہلے خود اپنے بچوں کو سمبھال نہیں سکتے پھر منہ اٹھا کر یہاں آجاتے ہو نکالوں اس کو یہاں سے انسپکٹر کے حکم پر دو حولدار آئے اس سے پہلے وہ ہادی کو پکڑتے عقیل جلدی سے اس کے سامنے آگیا،

انسپکٹر صاحب آپ غصہ نہیں کریں اس کی بچی مل نہیں رہی وہ اپنی بیٹی سے بہت پیار کرتا ہے اس لیے اسے غصہ آگیا اس کی جگہ میں آپ سے سوری کرتا ہوں عقیل صاحب نے سمجھداری سے بات کو سمبھالا،

ہم نے کب کہا کے وہ اپنی بیٹی سے پیار نہیں کرتا پر وہ مل نہیں رہی اس کا مطلب یہ نہیں کے وہ اس کا غصہ ہم پر اتارے گا اگر پھر اس نے ایسا کیا تو اسے یہاں سے باہر پھینک دے گے اس بار انسپکٹر نے بھی آرام سے کہا

پلیز انسپکٹر صاحب میں آپ کے آگے ہاتھ جوڑتا ہوں میری بیٹی کو ڈھونڈ دو اس بار ہادی کی آواز میں غصہ کہی نہیں تھا بے بسی ہی بے بسی تھی اس نے نم آنکھوں سے انسپکٹر کو دیکھتے ہوئے کہا انسپکٹر نے ہاں میں سر ہلایا،

Posted On Kitab Nagri

ہم ایف آئی ار تو نہیں درج کر سکتے پر میں اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر اس کی تلاش جاری کرتا ہوں انسپکٹر نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا ہادی نے اسے ہادیہ کی تصویر اور باقی کی معلومات فراہم کی،

***************

پانچ گھنٹے اور گزر گئے رات ہو گئی ہادی گھر میں داخل ہوا اس وقت وہ بلکل ٹوٹا ہوا لگ رہا تھا نیہا بھی لاؤنج میں بلکل خاموش بیٹھی تھی اب تو آنسو بھی رو رو کے خشک ہو گئے تھے، ہادی کو دیکھتے ہی وہ اس کی طرف بھاگ کے آئی آپ آ گئے میری بیٹی کو نہیں لائے نیہا نے جلدی سے اس کے دائیں بائیں نظریں دوڑائی میری بیٹی کہاں ہے ہادی نیہا نے آنکھوں میں آنسو لیے ہادی کی طرف دیکھا جو بلکل خاموش تھا اور چپ چاپ اندر کی طرف بڑھ گیا،

وہ لوگ ڈھونڈ رہے ہیں ہادی نے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے بلکل ہلکی آواز میں کہا، اب تک ڈھونڈ رہے ہیں آدھی رات ہو گئی اور میری بیٹی کا کچھ پتا نہیں مجھے میری بیٹی لا کر دو ہادی ___ نیہا روتے روتے نیچے بیٹھ گئی اس کے ہاتھ ہادی کے گھٹنے پر تھے،

ہادی نے سرخ آنکھوں سے اپنی بیوی کو دیکھا وہ خود پر ضبط کیے بیٹھا تھا، وہ کچھ کہتا اس سے پہلے اس کی نظر سائڈ ٹیبل پر گئی جہاں کوئی کارڈ رکھا تھا جس پر پاپا لکھا تھا، ہادی نے ہاتھ بڑھا کر کارڈ کھولا،

ہیپی ہیپی برتھڈے پاپا پاپا اینڈ آئی لو یو سو مچ، ہادی کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اس نے کارڈ اپنے ہونٹوں سے لگا لیا کہاں ہو ڈول پاپا کے پاس آ جاؤ پاپا آپ کو اب کہی جانے نہیں دے گے آنکھوں میں آنسو لیے وہ کارڈ کو چوم رہا تھا،

**************

فجر کی نماز پڑھ کر اس نے اپنی بیٹی کے لیے بہت دعا کی ہادی اب تک کارڈ ہاتھ میں لیے بیٹھا تھا صبح ہو چکی تھی نیہا جائے نماز پر ہی بیٹھی تھی،

Posted On Kitab Nagri

موبائل کی بیل پر ہادی نے ہاتھ بڑا کر موبائل اٹھایا انسپکٹر کی کال تھی،

مسٹر ہادی آپ کی بیٹی کی ہمیں ڈیڈ باڈی ملی ہے آپ پولیس اسٹیشن آجائے الفاظ تھے یا کوئی دھماکا ہادی کے ہاتھ سے ایک دم موبائل نیچے گر گیا کبھی وہ اپنے ہاتھ میں موجود کارڈ کو دیکھے کبھی خوف زدا نظروں سے موبائل کو،

کیا ہوا ہادی کیا ہوا___نیہا جلدی سے اس کے پاس آئی ہادی نے کانپتی انگلی سے موبائل کی طرف اشارہ کیا میری ڈول میری ڈول نہیں____________

ہادی کی چیخ سے محلے والے سب آگئے ہادی جلدی سے پولیس اسٹیشن گیا دل میں کہی ایک امید تھی شاید وہ اس کی ڈول نہ ہو عقیل بھی اس کے ساتھ تھا نیہا یہ خبر سن کے بے ہوش ہو گئی تھی،

انسپکٹر نے ایک سٹریچر کی طرف اشارہ کیا جو وائٹ کپڑے سے ڈھکا ہوا تھا ہادی نے اپنے ہونٹوں پر ہاتھ رکھ کے خود کو رونے سے باز رکھا وہ اس کی گڑیا نہیں ہو سکتی ہادی ہمت کر کے قدم قدم چل کر اس کے پاس آیا،

پاپا آپ نے وعدہ کیا تھا ہم سنڈے کو گھومنے جائے گے_____

ہادی نے اپنا کانپتا ہاتھ اس ڈیڈ باڈی سے کپڑا ہٹانے کے لیے اوپر کیا،______

پاپا مجھے نا باربی ڈول چاہیے بلکل میرے جیسی آپ میرے لیے لاؤ گے نا،_____

ہادی نے ہمت کر کے آرام آرام سے کپڑا چہرے سے ہٹایا اس وقت ہادی کے چہرے پر اتنا خوف تھا کے پاس کھڑے عقیل اور انسپکٹر کی بھی آنکھیں نم ہو گئی،_____

ہادی نے کپڑا ہٹا کر ایک دم آنکھیں بند کر لی،______

Posted On Kitab Nagri

ہیپی برتھڈے پاپا اینڈ آئی لو ویو پاپا _______

ہادی نے ڈرتے ڈرتے آنکھیں کھولی سامنے ہی اس کی ہادیہ تھی اس کی ڈول چہرے پر چوٹ کے نشان ہونٹ کے پاس خشک ہوا خون ہادی ایک دم پیچھے ہو گیا،

ہادیہ ________ ہادیہ _______ ہادی ایک دم نیچے بیٹھ گیا اسے جلدی سے عقیل نے پکڑا _____ میری ڈول ____ عقیل میری ڈول ____ عقیل اسے کہو اپنے پاپا کو چھوڑ کر نا جائے _____ ہادی بچوں کی طرح رونے لگا عقیل کی آنکھیں نم ہو گئی،

ہادی نے جلدی سے اٹھ کے اس کا چہرہ تھاما گلابی چہرہ اس وقت جگہ جگہ سے زخمی تھا ___ ہادی نے اس کا چہرہ ہاتھوں میں لیا اور دیوانہ وار اسے چومنے لگا یہ میری ڈول ہے میری، ____

انسپکٹر نے عقیل کی طرف دیکھا عقیل نے ہادی کو پکڑ کے ضبر دستی پیچھے کیا، ____

ہمیں ڈیڈ باڈی پوسٹمارٹم کے لیے بھیجنی ہے انسپکٹر نے بول کے دو لوگوں کو اشارہ کیا جو جلدی سے آگے آئے اور اسٹریچر کو لے جانے لگے ہادی نے جلدی سے اسے پکڑ لیا، ____

Posted On Kitab Nagri

آپ کا دماغ خراب ہو گیا ہے یہ ڈیڈ باڈی نہیں ہے میری ڈول ہے اور پوسٹمارٹم ہادی نے بول کے انسپکٹر کو ایسے دیکھا جیسے وہ پاگل ہو،____

آپ کو پتا ہے اس کی اتنی سی انگلی کٹ گئی تھی وہ اتنا روئی تھی اسے بہت درد ہوا تھا اور آپ بول رہے آپ اس کا پوسٹمارٹم کرو گے ہادی کی بات پر انسپکٹر نے عقیل کو دیکھا عقیل نے اسے پیچھے کیا وہ لوگ اسٹریچر کو لے جانے لگے،

میری ڈول کو بہت درد ہو گا عقیل مجھے چھوڑو ہادیہ ہادیہ__________ہادی نے چیختے ہوئے اپنی ڈول کو دیکھا جو اس کی نظروں سے دور ہو رہی تھی،

*****************

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

Posted On Kitab Nagri

اگرآپ ہماری ویب پراپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یاشاعری پوسٹ کرواناچاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اورای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

کیارپورٹ آئی ہے انسپکٹر نے سامنے موجود حولدار سے پوچھا سروہ بچی کے ساتھ____ حولدار نے فائل سامنے رکھی،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سر بچی کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور تین لوگوں نے مل کے یہ کام کیاہے اور بچی کی موت دم گھٹنے سے ہوئی ہے مطلب تکیایاکوئی ایسی چیز سے اس کا سانس روک کراسے ماراگیاہے حولدار کی بات پرانسپکٹر نے ہونٹوں پرہاتھ رکھ لیا،

Posted On Kitab Nagri

اس بچی کا باپ کہاں ہے انسپکٹر کی بات پر حولدار نے اسے دیکھا____سر وہ صبح سے رات ہوگئی ہے وہ باہر ہی بیٹھا ہے بول رہا ہے اپنی بیٹی کو لے کر جاؤ گا حولدار کی بات پر انسپکٹر نے ہاں میں سر ہلایا کر اسے دیکھا بچی کی ڈیڈ باڈی اس کے والد کو دے دو،

وہ ننھی بوندیں وہ ننھی سی

کلیاں،وہ ننھی سی روحیں،_

وہ معصوم پھول،وہ ننھے گلاب

جو ابھی کھلے نہ تھے مکمل،_

وہ مرجھا گئے،وہ توڑے دیے گئے شاخ سے،___

کیا سنا کیا دیکھا،_

پھول مرجھا رہے ہیں،روندے جا رہے ہیں،_

تڑپ رہے ہیں،کچلے جا رہے ہیں،_

اک ہول ناک،دل دہل جاتا ہے

جب جب یہ منظر سامنے آتا ہے

**************

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہادی نے نم آنکھوں سے قبر پر مٹی ڈھالی پھر وہی بیٹھ گیا____آئی لو ویو ٹو ڈول ہادی نے قبر پر ہاتھ پھرتے ہوئے کہا_____آج ایک مہینہ ہو گیا تھا ہادیہ کے انتقال کو وہ روز یہاں آتا تھا نہا تو بیس دن تک ہاسپیٹل میں تھی، پر اب وہ پہلے سے ٹھیک تھی،

ڈول آپ کے پاپا بہت برے ہیں وہ آپ کی حفاظت نہیں کر سکے آپ نے ہم کو پکارا ہو گا نا پر ہم نے سنا نہیں ہم بہت برے ہیں اس کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے،

ان حوس پرست لوگوں کو کیا پتا کے ڈول کیسی ہوتی ہے بیٹی کتنی بڑی نعمت ہے ہادی نے اپنے آنسو صاف کیے،

ہادیہ کو دکان والے نے ہی اٹھایا تھا اور دوستوں کے ساتھ مل کر یہ کام کیا اور وہ پکڑا بھی گیا اب اس وقت وہ اور اس کے دوست جیل میں تھے پر کیا ان کے لیے یہ سزا بہت تھی،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا یہ ہادیہ کے ساتھ انصاف تھا کیا یہ ایک ہنستی کھیلتی فیملی کے ساتھ انصاف تھا،

ہادی نے اپنا معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا ویسے بھی اس کے پاس اتنا پیسہ نہیں تھا کے وہ ان لوگوں کو سزا دلوا سکتا اس وقت وہ اپنی بیٹی کی قبر پر پھول ڈھال رہا تھا، اس کی آنکھیں نم تھی

Posted On Kitab Nagri

اب بس یہ ہوا تھاہادی نے مسکرانا چھوڑ دیا تھانیہانے بات کرنا بند کر دیا تھاعاس پڑوس کے لوگ دو دن افسوس کر کے اپنے اپنے کاموں میں لگ چکے تھے

حسرت اُن گنچوں پہ ہے...جو بن کھلے مرجھا گئے______

کیاہمارے حاکمِ وقت دجالوں سے کم ہیں؟
اور کیاہم کو قومِ لوطؑ کے ساتھ تشبیح نہیں دی جاسکتی؟
خدارا ہم سب جواب دہ ہونگے اور خدانہ کرے کہ ہم جہنم کا ایندھن بن جائیں...

مجھے ننھے بدن کی خوشبو آرہی ہے
وہ جو سراپا جنت ہے
تیرے میرے جہاں سے پرے
اس جہاں سے پرے
جو ہوس کا جہاں ہے
جو درندگی کا جہاں ہے
جو مکاں ہے کہ لامکاں ہے
جہاں معصومیتیں بھی مرجھا گئیں

Posted On Kitab Nagri

جہاں اپنے پرائے کی سب حثیتیں بھی کھو گئیں

!!! ہاں کہ اے ننھی پری

ہم شرمندہ ہیں

!!!ہاں کہ اے جنت کی پری

ہم شرمندہ ہیں

ہم تیرے قدموں کے نیچے پلکیں بچھا نہ سکے

ہم تیرے ڈوبتے لمحوں کی آہیں

ترے لرزتے ہونٹوں کی سسکیاں

ترے کرب کو پا نہ سکے

ہم تیری مدد کو آنہ سکے

تیرے خواب اس مٹی میں مل گئے

جو ہمارے گناہوں سے سخت ہو چکی

جب تیری آنکھیں اس مٹی میں ملیں گی

تو اس دھرتی سے کچھ کہیں گی

وہ سوال پوچھیں گے

جسے ہزار مشکلوں کے حل کرنے والے ذہن بھی

حل نہ کر پائیں گے

Posted On Kitab Nagri

عدالتوں میں سینکڑوں گتھیوں کو سلجھانے والے بھی

حل نہ کر پائیں گے

جب تیری چمکتی آنکھیں

اس دھرتی کی خاک پر اپنا مقدمہ پیش کریں گی

تو ہم کیا جواب دیں گے

کہ ایک اور خواب تھا

جو مٹی میں مل گیا

بس ہوس کی بھینٹ چڑھ گیا

پیٹ سے بندھی زندگی پہ مر گیا!

تو نے جو آخری سسکی لی ہو گی

وہ کائینات کی ایک بلند چیخ ہو گی

جس سے عرش و فرش سب ہل گئے ہوں گے

فرشتے بھی سب دہل گییٔے ہوں گے

ہزاروں جنتوں کے در گڑ گڑا گئے ہوں گے

تیرے پاک بدن کا پانی

تیری ننھی آنکھ کا آنسو

اس زمیں کے سینکڑوں گناہ بخشوا گیا ہو گا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مگر کیا کریں کے ترے اس طرح جانے سے

ہم سے ہمارا سب چھن گیا ہے

یہ گناہ شاید کہ ہمیں جینے نہ دے

ہم سے ہمارا سب چھین لے

ہمارے سب حوصلے

ہمارے سب جذبے ہمارے سب خواب

اور ہمیں ہمارے ہی مدار میں

ایک مدتِ نہ معلوم کے لئے

اپنے ہی گرد گھومنے کے لئے چھوڑ دے

ختم شد

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

# Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com